نقد و نظر

خطبات از مولنا عبد الصمد صاحب رحمانی مونگیری حجم ۳۶ صفحات قیمت ۳ر ملنے کا پتہ مکتبہ سیفیہ مونگیر

یہ خطبات آیہ شریفہ: اَلزَّانِيْ لَا يَنْكِحُ اِلَّا زَانِيَةً اَوْ مُشْرِكَةً ۔ وَالزَّانِيَةُ لَا يَنْكِحُهَا اِلَّا زَانٍ اَوْ مُشْرِكٌ کی تفسیر ہیں۔ مشہور مناظر مسٹر محمود دھرم پال بی۔اے نے اپنی ایک تقریر میں بیان کیا تھا کہ "جب کوئی مسلمان زنا میں مبتلا ہوجاتا ہے تو اس پر اس کی باعصمت او عفیف بیوی حرام ہوجاتی ہے" اور اس قول پر اس آیہ معظمہ سے استدلال کیا تھا۔ مولنا موصوف نے اسی غلط خیال کی تردید کی ہے، اور حق یہ ہے کہ تحقیق کا حق ادا کر دیا ہے۔

رہنمائے قرات مرتبہ جناب سید سردار علی شاہ صاحب۔ حجم ۱۳ صفحات۔ قیمت ۸ ملنے کا پتہ:۔ سید رحمت علی شاہ مسلم جنرل بک ایجنسی۔ لاہور۔

فن قرات ان فنوں میں سے ہے جس کا جاننا ہر قرآن خوان کیلئے ضروری ہے۔ یہ فن محض کتابی نہیں ہے لیکن جہانتک اصول و قواعد کا تعلق ہے کتابوں سے کچھ نہ کچھ مدد ضرور ملتی ہے اردو میں اسی فن پر چند رسالے شائع ہوچکے ہیں۔ یہ رسالہ جناب مرتب نے اس طریق پر مرتب کیا ہے کہ بغیر استاد کے بھی اس فن کی تحصیل میں مدد دے سکے۔

ہدایتہ الوریٰ فی تشریح الربوا از مولنا محمد نقی صاحب۔ حجم ۲۶ صفحات قیمت ار ملنے کا پتہ انجمن اصلاح المسلمین مالیگاؤں ضلع ناسک

اس رسالہ میں مولنا ممدوح نے عقلی و نقلی دلائل سے سود کی تمام اقسام کی حرمت پر بحث کی ہے، اور آخر میں دار الحرب و دار الاسلام کی حدود پر کلام کیا ہے کہ جو لوگ سود خواری کے لئے ہندوستان کو دار الحرب سمجھتے ہیں انہیں معلوم ہوجائے کہ دار الحرب و دار الاسلام کی شرعی حیثیت کیا ہے،